دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

رہبر معظم نے آیۃ اللہ الحاج شیخ صادق آملی لاریجانی کو عدلیہ کے نئے سربراہ کے طور پر منصوب کیا - 16 /Aug/ 2009

رہبر معظّم انقلاب اسلامی حضرت آیۃ اللہ خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں آیۃ اللہ صادق آملی لاریجانی کو عدلیہ کے سربراہ کے طور پر معیّن کیا ۔ رہبر معظّم کے حکم کا متن حسب ذیل ہے :

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

محقق ارجمند جناب حجۃ الاسلام الحاج شیخ صادق آملی لاریجانی دامت توفیقاتہ ۔

اب جب کہ جناب آیۃ اللہ ہاشمی شاہرودی عدلیہ میں اپنے منصبی فرائض سے سبکدوش ہو رہے ہیں ، موصوف کی گرانقدر اور ناقابل فراموش خدمات کا شکریہ اور قدردانی کرتے ہوئے میں ملک کے بنیادی آئین کی دفعہ ۱۵۷ کی رو سے جناب عالی کو عدلیہ کے سربراہ کے عہدے پر منصوب کرتا ہوں۔ جناب عالی کا شمار حوزہ علمیہ کی ممتاز علمی شخصیات میں ہوتا ہے اور آپ خلاقیت کی صلاحیت سے سرشار ہیں ۔

محکمہ عدالت و انصاف کی تشکیل نو کے آغاز سے تین عشرے گزر چکے ہیں، اس دوران گرانقدر تجربات حاصل ہوئے ہیں ، جن کی بدولت عدلیہ کے نظام کے ارکان کی سلامتی ، قوانین کے اتقان اور عدالت کے نفاذ میں سہولت کی توقّع ایک جائز اور صحیح توقّع ہے جسے پورا کرنے کے لئیے اس عظیم ادارے اور اس سے متعلق دیگر مشینریوں کے مسؤولین اپنی پوری توانائی بروئے کار لائیں اور اس سلسلے میں کسی کوشش اور خلّاقیت سے دریغ نہ کریں ۔مجھے امید ہے کہ بنیادی ڈھانچے کی فراہمی اور آپ کی علمی اور عملی صلاحیتوں کی بدولت ، آپ کی مدیریت کا دور اس ادارے کی شکوفائی کا دور شمار ہو گا ۔

میں پروردگار عالم سے جناب عالی اور آپ کے رفقاء کار کی روز افزوں توفیقات کا طالب ہوں ۔

سید علی خامنہ ای

۲۳ / مرداد / ۱۳۸۸